© rasailojaraid.com



# گذشتہ سال اور رواں سال کے امتحانات کا تقابلی جائزہ

''وفاق المدارس العربیہ پاکستان'' دینی مدارس کی سب سے بڑی منظم اور بے مثال تنظیم اور تعلیمی بورڈ ہے، اس کی بنیاد اکابر علماء نے 1958ء میں اس وقت رکھی جب صدر پاکستان ایوب خان نے دینی مدارس کو سرکاری تحویل میں لینے کا پروگرام بنایا۔ وفاق المدارس کا مقصد جہاں حکومتی ہتھکنڈوں کے خلاف ایک مشترکہ پلیٹ فارم سے دفاعی آواز بلند کرنا تھا، وہیں ملک بھر میں پھیلے ہوئے مدارس کو ایک نصاب تعلیم کے تحت لانا، ان میں نظم وضبط اور بہتری لانا، ایک ہی بورڈ سے ان کے امتحانات لے کر اسناد جاری کرنا اور دور حاضر کے جدید تقاضوں کے مطابق نصاب تعلیم میں تبدیلی و ترمیم کرنا تھا۔ وفاق المدارس اپنی ابتداء سے لے کر آج تک کامیابی کے ساتھ اپنے مقاصد کو حاصل کرتا ہوا ترقی کی راہ پر گامزن ہے۔

وفاق المدارس کے صدارتی منصب پر حضرت مولانا شمس الحق افغانیؒ، حضرت مولانا خیر محمد جالندھریؒ، حضرت مولانا محمد یوسف بنوریؒ، حضرت مولانا مفتی محمودؒ، حضرت مولانا ادریس میرٹھیؒ اور موجودہ صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان دامت برکاتہم جیسے اساطین علم اور بزرگان دین فائز رہے۔ ان حضرات کی محنت، للّٰہیت اور دعاؤں کا ثمرہ ہے کہ وفاق المدارس وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ترقی کی منازل طے کر رہا ہے۔

وفاق المدارس کے تحت ہر سال تین شعبوں کا امتحان لیا جاتا ہے، اس میں شعبہ کتب (بنین و بنات) شعبہ حفظ (بنین و بنات) اور دراساتِ دینیہ (بنین و بنات) شامل ہیں، جس میں ملک کے چاروں صوبوں اور آزاد کشمیر و شمالی علاقہ جات کے طلباء وطالبات شریک ہوتے ہیں۔

وفاق المدارس کے تحت پہلا امتحان 1960ء میں منعقد ہوا، اس وقت سات سینٹروں میں تقریباً 100 طلباء دورۂ حدیث کے امتحان میں شریک ہوئے، 1960ء سے لے کر 1983ء تک وفاق المدارس کے تحت صرف دورۂ حدیث کا امتحان ہوتا رہا۔ اس کے بعد 1983ء میں خاصہ، 1984ء میں عامہ، 1985ء میں عالیہ، 1889ء میں متوسطہ اور 2008ء میں عالمیہ سال اول (موقوف علیہ) کا امتحان وفاق کے ماتحت شروع ہوا۔ 1989ء سے بنات کے تعلیمی درجات کا امتحان بھی وفاق کے ماتحت لیا جانے لگا۔

اس وقت وفاق المدارس کے فضلاء کی تعداد تقریباً 6,52,000، فاضلات کی تعداد 5,08,000 اور حفاظ کی تعداد 6,30,000 ہو چکی ہے۔

وفاق کے ساتھ اس وقت (1432ھ مطابق 2011ء) تقریباً تیرہ ہزار مدارس ملحق ہیں، اور امتحان دینے والے طلباء وطالبات کی تعداد دو لاکھ کے قریب ہے، اور ہر سال ملحقہ مدارس اور طلبہ کی تعداد میں اچھا خاصہ اضافہ



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

ہو رہا ہے، والحمد للہ علی ذلک

ذیل میں گذشتہ سال (1431ھ) اور سال رواں (1432ھ) کا طلباء کی تعداد کے اعتبار سے تقابلی جائزہ پیش ہے، جس سے اس بات کا بخوبی اندازہ ہو جائے گا کہ دینی مدارس کی طرف طلبہ کا رجحان بڑھتا جا رہا ہے جو ایک نہایت حوصلہ افزا اور خوش آئند صورت حال ہے، اور ان شاء اللہ یہ سلسلہ مزید بڑھتا چلا جائے گا۔

## تقابلی جائزہ برائے سال 1431ھ و1432ھ

### (بنین)

| درجہ | 1431ھ | 1432ھ | کمی/اضافہ |
|---|---|---|---|
| متوسطہ | 11972 | 11619 | -353 |
| ثانویہ عامہ | 17326 | 18449 | 1123 |
| ثانویہ خاصہ | 13253 | 12979 | -274 |
| عالیہ | 10662 | 9069 | -1593 |
| موقوف علیہ | 8338 | 8809 | 471 |
| عالمیہ | 7960 | 8286 | 386 |
| دراسات | 1159 | 1370 | 211 |
| **میزان** | **112551** | **116925** | **4374** |

### (بنات)

| درجہ | 1431ھ | 1432ھ | کمی/اضافہ |
|---|---|---|---|
| متوسطہ | 27 | 35 | 8 |
| ثانویہ عامہ | 29523 | 32154 | 2631 |
| ثانویہ خاصہ | 18500 | 21172 | 2672 |
| عالیہ | 13666 | 15938 | 2272 |
| عالمیہ | 14268 | 13279 | -989 |
| دراسات | 1700 | 1594 | -106 |
| **میزان** | **77684** | **84172** | **6488** |


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## (بنین و بنات مجموعی)

| درجہ | 1431ھ | 1432ھ | کمی/اضافہ |
|---|---|---|---|
| تحفیظ القرآن الکریم | 57382 | 57369 | -13 |
| متوسطہ | 11999 | 11654 | -345 |
| ثانویہ عامہ | 46849 | 50603 | 3754 |
| ثانویہ خاصہ | 31753 | 34151 | 2398 |
| عالیہ | 24928 | 25007 | 679 |
| موقوف علیہ | 8338 | 8809 | 471 |
| عالمیہ | 22228 | 21565 | -663 |
| دراسات | 2859 | 2964 | 105 |
| **میزان** | **205736** | **212122** | **6386** |

## تعداد امیدوار برائے سالانہ امتحان 1431ھ و1432ھ

| نام درجہ | بنین | بنات | میزان |
|---|---|---|---|
| تحفیظ القرآن الکریم | 44119 | 13250 | 57369 |
| متوسطہ | 11619 | 35 | 11654 |
| ثانویہ عامہ | 18449 | 32154 | 50603 |
| ثانویہ خاصہ | 12979 | 21172 | 34151 |
| عالیہ | 9069 | 15938 | 25007 |
| موقوف علیہ | 8809 | 0 | 8809 |
| عالمیہ | 8286 | 13279 | 21565 |
| دراسات | 1370 | 1594 | 2964 |
| **میزان** | **114700** | **97422** | **212122** |



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## تعداد امتحانی مراکز و نگران عملہ برائے سالانہ امتحان 1431ھ و 1432ھ

| | بنین | بنات | میزان |
|---|---|---|---|
| امتحانی مراکز | 414 | 846 | 1260 |
| نگران اعلیٰ | 414 | 846 | 1260 |
| معاون نگران | 2823 | 3367 | 6190 |

☆......☆......☆

حضرت تھانویؒ فرماتے ہیں: ''جرات کی بات ہے مگر میں تجربہ سے کہتا ہوں کہ علم دین شروع کرتے وقت اگر نیت عمل کی نہ بھی ہو تو پرواہ مت کرو، علم دین وہ چیز ہے کہ نیت کو بھی ٹھیک کر لے گا۔ علم دین وہ چیز ہے کہ ایک نہ ایک دن یہ اپنا اثر ضرور کرتا ہے اور اس شخص کو اپنا بنا لیتا ہے''۔

ایک بزرگ کا قول ہے، فرماتے ہیں: ''تعلمنا العلم لغیر اللہ فابی العلم إلا أن یکون للہ''

یعنی ''ہم نے علم پڑھا تھا غیر اللہ کے لیے مگر علم خود ہی نہ مانا اور اللہ میاں کا ہی ہو کر رہا''۔ مطلب یہ کہ ابتدا میں خلوص نہ تھا مگر انتہا میں خلوص پیدا ہو ہی گیا، اس واسطے میں کہتا ہوں کہ اگر عمل کی توفیق نہ بھی ہو تب بھی علم پڑھے جاؤ ان شاء اللہ ضرور عمل نصیب ہوگا۔ میں کہتا ہوں: ''علم عربی وہ علم ہے کہ ہر چیز کو اس سے انجلاء ہوتا ہے، اخلاق بھی اس سے درست ہوتے ہیں، جب آدمی ہمیشہ فقراء اور اہل اللہ کے قصے اور حالات پڑھے گا تو کب تک اثر نہ ہوگا۔ ہاں! یہ خیال رکھو کہ معصیت کا عزم بھی مت کرو، معصیت سے نورِ علم مٹ جاتا ہے۔ اگر خلوص نہ بھی ہو تو پرواہ نہ کرو لیکن بالقصد معصیت کے پیچھے بھی مت پڑو اور بے باک مت ہو جاؤ''۔ (تحفۃ العلماء: ۱/۶۲)

100% فیصد ہربل
خاورین
(کورس)
اعصابی، جسمانی اور جوڑوں کے درد کی حیرت انگیز دوا
جوڑوں کا درد، لنگڑی کا درد، گھٹنوں اور کمر کا درد، اعصابی اور جسمانی دردیں، ورم، یورک ایسڈ کی زیادتی کا فوری اور مؤثر حل
نوٹ: خاورین (کورس) کو ایک ماہ بلا ناغہ استعمال کیجئے یقیناً آپ کو بہتر نتائج ملیں گے تو مزید کچھ عرصہ استعمال کر لیں۔ ہمیں پورا یقین ہے کہ آپ اس اذیت ناک مرض سے چھٹکارا حاصل کر لیں گے۔
مزید مشورہ کیلئے حکیم حافظ سید محمد احمد (لاہور)
042-38477326
0332-8477326



© rasailojaraid.com